
# مسنون نماز کی
# چالیس حدیثیں



ڈاکٹر محمد الیاس فیصل

صلوا كما رأيتموني أصلي

"اسی طرح نماز پڑھو جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو" فرمان نبی

مسنون نماز کی

# چالیس حدیثیں

برائے ایصال ثواب

اور

مفت تقسیم کرنے والے حضرات

خصوصی رعایت کے لئے رجوع فرمائیں

**سنی پبلیکیشنز کمرہ ۵ قذافی مارکیٹ اردو بازار لاہور**

www.e-iqra.com

# مسنون نماز کی
# چالیس ۴۰ حدیثیں

مرتبہ
محمد الیاس مدینہ منورہ

سُنّی پبلیکیشنز
الوہاب مارکیٹ اردو بازار لاہور۲

www.e-iqra.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مدینہ منورۃ کے پاکیزہ ماحول میں لکھی گئی کتاب "نمازِ پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم" کو قبولیتِ عامہ نصیب ہوئی، اور دُنیا کے مختلف گوشوں میں رہنے والے مُسلم زُعماء نے اس علمی کاوش کو سراہا۔ ملاحظہ ہو:

- یہ کتاب مختصر ہونے کے باوجود مسائلِ نماز پر ایک گنج گرانمایہ ہے جو قرآن وحدیث کے موتیوں سے جگمگا رہا ہے۔ اندازِ بیان عام فہم زبان سلیس ترتیب، دلکش اور ماخذ مستند ہیں۔
(مولانا سیّد شیر علی شاہ صاحب، پی ایچ ڈی مدینہ یونیورسٹی)

www.e-iqra.com

- یہ کتاب مسنون نماز کی علمی تصویر ہے اور دلائلِ شرعیہ سے مزیّن ہے اہم مسائلِ نماز کو دلائل کی روشنی میں جاننے کے لیے کتاب کی افادیت مسلّم ہے۔ (مولانا احمد علی سراج صاحب وزارۃ اوقاف کویت)

- قرآن وسنت کی روشنی میں نماز کے احکام ومسائل کو بڑی حُسن خوبی سے جمع کیا ہے۔ (مولانا محمد مالک کاندھلوی، شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور)

- اس کتاب سے پیغمبرِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی صاف اور واضح تصویر سامنے آتی ہے جس سے اہلِ سُنّت وجماعت کے خلاف

پھیلائے گئے شبہات کو ختم کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ کتاب ان دو حلقوں حضرات کے لیے مدنی تحفہ ہے۔۔۔

(مولانا اسعد مدنی جانشین شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی۔ ہندوستان)

○ یہ کتاب وقت کی پکار، علمی سرمایہ اور ایک نہایت ہی مستند مجموعہ ہے۔ استدلال کی قوت کے ساتھ قابلِ بحث مسائل کو نہایت متانت اور سنجیدگی سے نکھار کر پیش کیا گیا ہے۔

(مولانا مقبول احمد صاحب صدر اسلامک شریعت کونسل برطانیہ)

○ اتنی سلیس، مدلل اور جامع کتاب میری نظر سے نہیں گزری، یہ کتاب پاکستان اور ہندوستان کے تعلیمی اداروں میں داخل نصاب ہونی چاہیئے۔ (مولانا محمد ادریس انصاری صاحب، صادق آباد)

نماز پیمبر کا دوسرا ایڈیشن تقریباً تین سو صفحات پر مشتمل ہے لہٰذا مناسب سمجھا کہ اہم مسائل نماز سے متعلق چالیس احادیث و آثار کو مرتب کر دیا جائے جنھیں چارٹ کی صورت میں چھاپ کر مساجد میں آویزاں کیا جائے اور جیبی سائز میں چھپوا کر تقسیم کیا جائے۔ اشاعت کی عام اجازت ہے۔

محمد الیاس فیصل

مدینہ منورہ۔

لاہور۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم          نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

# مسنون نماز کی چالیس (۴۰) حدیثیں

## (۱) وضو کا طریقہ

قَالَ عُثْمَانُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَلَا اُرِیْکُمْ وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا۔ (صحیح مسلم فصل الوضوء حدیث ۲۳۰)

تیسرے خلیفہ راشد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیا تمہیں وضوء کا مسنون طریقہ نہ بتاؤں؟ پھر آپؓ نے وضو کیا اور تین تین دفعہ اعضاء کو دھویا۔

## (۲) گردن پر مسح کرنا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ یَدَیْہِ عَلٰی عُنُقِہٖ وُقِیَ الْغُلَّ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ (تلخیص حبیر ۱ صـ۹۳)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل

کرتے ہیں کہ جس نے وضو کے دوران ہاتھوں سے گردن کا مسح کیا وہ قیامت کے دن گردن میں بیڑیاں پہنائے جانے سے بچ گیا۔

(شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر نے تلخیص الحبیر میں اس حدیث کو صحیح کہا ہے، علامہ شوکانی نے نیل الاوطار میں بھی ایسا ہی لکھا ہے۔

## جرابوں پر مسح کرنا

وضو کے دوران جرابوں پر مسح کرنا جائز نہیں، چونکہ ایسا کرنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں، علامہ مبارک پوری رح نے تحفۃ الاحوذی شرح ترمذی ج ۱ ص ۳۳۳ میں اور میاں نذیر حسین دہلویؒ نے فتاوی نذیریہ ج ۱ ص ۳۲۷ اور مولانا شرف الدین نے فتاوی ثنائیہ ج ۱ ص ۴۲۳ میں لکھا ہے کہ جرابوں پر مسح کرنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔

## ③ اوقاتِ نماز

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلِّ الظُّهْرَ اِذَا کَانَ ظِلُّكَ مِثْلَكَ وَالْعَصْرَ اِذَا کَانَ ظِلُّكَ مِثْلَيْكَ وَالْمَغْرِبَ اِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ مَا بَیْنَكَ وَبَیْنَ ثُلُثِ اللَّیْلِ وَصَلِّ الصُّبْحَ بِغَبَشٍ یَعْنِی الْغَلَسَ (موطا امام مالک ج ۱ ص ۸ حدیث ۹)

www.e-iqra.com

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب تیرا سایہ تیرے برابر ہو جائے تو ظہر کی نماز ادا کرو اور جب یہ سایہ دوگنا ہو جائے تو عصر کی نماز ادا کرو اور آفتاب غروب ہونے پر مغرب کی نماز پڑھ جب کہ عشاء کا وقت رات کے تہائی حصہ تک اور فجر کی نماز اندھیرے میں ادا کر۔

## ④ ظہر کا مسنون وقت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَاَبْرِدُوا الصَّلٰوۃَ فَاِنَّ شِدَّۃَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ (صحیح مسلم ستحباب الابراد حدیث ۶۱۵)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جب گرمی زیادہ ہو تو ظہر کی نماز ٹھنڈے وقت میں پڑھا کرو چونکہ گرمی کی شدت جہنم کا اثر ہے۔

## ⑤ عصر کا مسنون وقت

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَخِّرُ الْعَصْرَ مَا دَامَتِ الشَّمْسُ بَيْضَاءَ نَقِيَّةً (ابوداؤد۔ وقت العصر)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول مبارک یہ تھا کہ آپ عصر کی نماز کو دیر سے پڑھتے تاآنکہ سورج صاف اور سفید ہوتا۔

## ⑥ فجر کا مسنون وقت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ فَاِنَّہٗ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ (ترمذی ما جاء فی الاسفار حدیث ۱۵۴)

رسُول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ فجر کی نماز اسفار میں پڑھو (جب روشنی ہونے لگے) چونکہ اس کا ثواب بہت زیادہ ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی اسفار کے وقت فجر کی نماز پڑھتے تھے۔

## ⑦ اقامت کے مسنون کلمات

اِنَّ بِلَالًا کَانَ یُثَنِّی الْاَذَانَ وَیُثَنِّی الْاِقَامَۃَ۔

(اسنادہ صحیح) مصنف عبد الرزاق)

مؤذنِ رسُولؐ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان واقامت دوہری دوہری کہا کرتے تھے۔ مؤذنِ رسُول حضرت ابُومحذورہؓ، حضرت ثوبانؓ اور حضرت سلمہ رضی اللہ عنہم کا معمول بھی یہی تھا۔ علامہ شوکانیؒ نے نیل الاوطار ج ۲ ص۲۴ میں اسی کو ترجیح دی ہے۔

## ⑧ سر ڈھانپنا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الْقِنَاعَ (شمائل ترمذی ص۱)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات اپنے سر مبارک پر کپڑا رکھتے تھے۔

فتاویٰ ثنائیہ ج۱ ص۵۲۵ میں لکھا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ سر ڈھانپ کر نماز پڑھتے تھے۔ نیز مولانا شرف الدین ج۱ ص۵۲۳ پر لکھتے ہیں کہ قصداً ٹوپی اتار کر ننگے سر نماز پڑھنا اور اس کو اپنا مسلکی شعار بنانا خلافِ سنت ہے۔

www.e-iqra.com

## ⑨ کانوں تک ہاتھ اٹھانا

عَنْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَتّٰى يُحَاذِيْ بِهِمَا فُرُوْعَ اُذُنَيْهِ۔

(صحیح مسلم استحباب رفع حدیث ص۳۹۱)

حضرت قتادہؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ آپ نے تکبیر کہہ کر ہاتھوں کو کانوں کی لو تک اٹھایا

## ١٠ ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا

عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلسُّنَّةُ وَضْعُ الْكَفِّ عَلَى الْكَفِّ فِي الصَّلٰوةِ تَحْتَ السُّرَّةِ (ابوداؤد۔ وضع الیمنی حدیث ٧٥٦)

چوتھے خلیفہ راشد حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پیارے نبی کی پیاری سُنّت یہ ہے کہ نماز میں ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھ کر ناف کے نیچے باندھا جائے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی یہی منقول ہے۔ (واضح رہے کہ جن روایات میں سینہ پر ہاتھ باندھنے کی صراحت ہے وہ ضعیف ہیں)

## ١١ ثنا

يَقُوْلُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ (صحیح مسلم۔ حجۃ من قال حدیث نمبر ٣٩٩)

دوسرے خلیفہ راشد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز میں ثنا پڑھتے تھے

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى

جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ.

## ⑫ بسم اللہ آہستہ پڑھے

عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا مِّنْهُمْ يَقْرَاُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

(صحیح مسلم حجۃ من قال۔ حدیث نمبر ۳۹۹)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پیچھے نمازیں پڑھیں لیکن کسی ایک کو بھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہوئے نہیں سُنا۔

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی تسمیہ آہستہ پڑھتے تھے۔ علامہ ابن قیم زاد المعاد میں فرماتے ہیں کسی صحیح صریح حدیث سے اونچی آواز سے تسمیہ پڑھنا ثابت نہیں ہے۔

## (۱۳) مقتدی سُنے اور خاموش رہے

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ.

(سورۃ اعراف آیت نمبر ۲۰۴)

ارشادِ ربانی ہے کہ جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو غور سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت ابو ہریرۃؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ یہ آیت نماز اور خطبہ کے بارہ میں نازل ہوئی۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۲۸۱)

اس حکم ربانی کا تقاضا ہے کہ جب امام اونچی پڑھے تو اس کو سنا جائے۔ اور جب وہ آہستہ پڑھے تو خاموش رہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّيْتُمْ فَاَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمْ اَحَدُكُمْ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَءَ فَاَنْصِتُوْا وَاِذَا قَرَءَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ. يُحِبُّكُمُ اللّٰهُ. (روایت جریر عن قتادۃ)

صحیح مسلم۔ التشہد فی الصلاۃ حدیث نمبر ۴۰۴۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب تم نماز پڑھنے لگو تو صفوں کو سیدھا کر لیا کرو، پھر تم میں سے کوئی ایک شخص امامت کرائے، جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو۔ البتہ جب وہ قرآن پڑھنے لگے تو تم خاموش ہو جاؤ اور جب وہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہہ لے تو پھر تم آمین کہو۔ اس طرح کرنے سے اللہ تعالیٰ تم سے محبّت رکھے گا (حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی یہ الفاظ منقول ہیں، امام مسلم نے اس روایت کو بھی صحیح کہا ہے)

## ⑭ مقتدی سورۃ فاتحہ نہ پڑھے

عَنْ عَطَاءِ ابْنِ يَسَارٍ سَأَلَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ عَنِ الْقِرَاءَةِ مَعَ الْإِمَامِ فَقَالَ لَا قِرَاءَةَ مَعَ الْإِمَامِ فِي شَيْءٍ ۔

(صحیح مسلم : سجود والتلاوۃ، حدیث ۵۷۷)

حضرت عطاء بن یسار نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے امام کے ساتھ پڑھنے کی بابت پوچھا تو آپؓ نے فرمایا کہ کسی بھی نماز میں امام کے ساتھ ساتھ قرآن نہ پڑھے۔

## ۱۵ امام کی قرأت مقتدی کے لیے کافی ہے

كَانَ يَقُوْلُ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ : مَنْ صَلّٰى وَرَاءَ الْاِمَامِ كَفَاهُ قِرَاءَةُ الْاِمَامِ . (صححہ البیہقی، سنن بیہقی، من قال لا یقرأ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے تھے کہ جو شخص امام کی اقتدا میں نماز پڑھے اس کے لیے امام کی قرأت کافی ہے۔ (امام بیہقی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)

www.e-iqra.com

## ۱۶ تنہا نمازی فاتحہ پڑھے مقتدی نہیں

كَانَ ابْنُ عُمَرَ رض اِذَا سُئِلَ هَلْ يَقْرَءُ خَلْفَ الْاِمَامِ؟ قَالَ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ خَلْفَ الْاِمَامِ فَحَسْبُهُ قِرَاءَةُ الْاِمَامِ وَاِذَا صَلّٰى وَحْدَهُ فَلْيَقْرَءْ . وَكَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ رض لَا يَقْرَءُ خَلْفَ الْاِمَامِ .

(موطا امام مالک: ترک القراءۃ ۴۳ صححہ النیموی فی الآثار)

جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا جاتا کہ امام کے پیچھے مقتدی بھی پڑھے؟ تو آپ جواب دیتے کہ مقتدی کے لیے امام کی

قرارت کافی ہے۔ البتہ جب وہ اکیلا نماز پڑھے تو قرارت کرے۔ خود حضرت عبداللہ بن عمرؓ بھی امام کے پیچھے سُورۃ فاتحہ وغیرہ نہیں پڑھتے تھے۔ (آثار السنن میں ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے)

(۱۷) عن جابر رضی اللہ عنہ یقول من صلّی رکعۃ لم یقرء فیھا بأُم القراٰن فلم یصل الّا ان یکون وراء الإمام (حسن صحیح) ترمذی شریف : ترک القراۃ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے ایک رکعت میں بھی سُورۃ فاتحہ نہیں پڑھی اُس کی نماز نہیں ہوئی۔ اِلّا یہ کہ وہ امام کے پیچھے ہو تو سُورۃ فاتحہ نہ پڑھے۔ (یہ حدیث حسن صحیح ہے) اسی حدیث کی بنا پر امام ترمذیؒ نے امام بخاریؒ کے دادا اُستاد امام احمدؒ سے نقل کیا ہے کہ لاصلاۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب والی حدیث تنہا نمازی کے بارہ میں ہے جو مقتدی کو شامل نہیں ہے۔ (ملاحظہ ہو ترمذی شریف)

مندرجہ بالا احادیث میں بڑی صراحت کے ساتھ باجماعت نماز میں مقتدی کو سُورۃ فاتحہ پڑھنے سے روکا گیا ہے۔ لیکن کوئی صحیح مرفوع حدیث ایسی نہیں جس میں صراحتاً باجماعت نماز میں مقتدی کو سورۃ فاتحہ

پڑھنے کا حکم دیا گیا ہو۔

## (۱۸) آمین آہستہ کہے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُبَادِرُوا الْإِمَامَ إِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَإِذَا قَالَ وَلَا الضَّالِّيْنَ فَقُوْلُوْا آمِيْنَ وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَإِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ (صحیح مسلم: النہی عن مبادرۃ حدیث نمبر ۴۱۵)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ امام سے جلدی نہ کرو جب وہ تکبیر کہے تو تم تکبیر کہو اور جب وہ ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو اور جب وہ رکوع کرے تو تم رکوع کرو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللّٰھم ربنا لک الحمد کہو۔

مسئلہ آمین میں یہ حدیث بڑی واضح ہے کہ جس طرح امام اللہ اکبر اور سمع اللہ لمن حمدہ اونچی کہتا ہے لیکن سب مقتدی اللہ اکبر اور اللّٰھم ربنا لک الحمد آہستہ کہتے ہیں۔ اسی طرح جب امام ولا الضّالین بلند آواز سے پڑھے تو مقتدی کو آہستہ آمین کہنی چاہیئے۔

## (۱۹) نماز میں رفع یدین

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَالِیْ اَرَاکُمْ رَافِعِیْ اَیْدِیْکُمْ کَاَنَّھَا اَذْنَابُ خَیْلٍ شُمْسٍ، اُسْکُنُوْا فِی الصَّلَاۃِ۔ (صحیح مسلم، الامر بالسکون حدیث ۴۳۰)

حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لائے اور فرمایا کہ کیا ہوا کہ میں تمھیں رفع یدین کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں، گویا وہ شریر گھوڑوں کی دُمیں ہیں، نماز میں سکون اختیار کرو۔

اس حدیث سے یہ بات واضح ہو گئی کہ جن احادیث میں رفع یدین کرنے کا ذکر ہے وہ اس ممانعت سے پہلے کی ہیں، لہٰذا اس ممانعت کے بعد اب اُن سابقہ روایات کو دلیل نہیں بنایا جا سکتا۔ اسی لیے کسی صحیح حدیث میں یہ صراحت نہیں کہ آخر تک آپؐ کا عمل رفع یدین کرنے کا تھا۔

## ⑳ نبوی نماز

قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَلَا اُصَلِّیْ بِکُمْ صَلٰوۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰی فَلَمْ یَرْفَعْ یَدَیْہِ اِلَّا فِیْ اَوَّلِ مَرَّۃٍ.

(حسن، صححہ ابن حزم، ترمذی شریف، ما جاء فی رفع، حدیث ۲۵۷)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تمھیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا طریقہ نہ بتاؤں؟ پھر آپؐ نے نماز پڑھ کر دکھائی اور صرف شروع میں رفع یدین کیا۔ (یہ حدیث حسن ہے ابن حزمؒ نے اس کو صحیح کہا ہے، احمد شاکرؒ نے بھی صحیح کہا ہے)

## ㉑ عمل صحابہؓ

اِنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کَانَ یَرْفَعُ یَدَیْہِ فِیْ اَوَّلِ تَکْبِیْرَۃٍ مِنَ الصَّلٰوۃِ ثُمَّ لَا یَعُوْدُ. (سنن بیہقی، من لم یذکر الرفع۔ قال الزیلعی صحیح، قال ابن حجر رواتہ ثقات قال العینی سندہ علی شرط مسلم)

چوتھے خلیفہ راشد حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز کی پہلی تکبیر میں

رفع یدین کرتے تھے بعد میں نہیں۔ (علامہ زیلعی، شارح بخاری علامہ ابن حجر اور شارح بخاری علامہ عینی نے اس روایت اور سند کو صحیح کہا ہے) واضح رہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ دیگر خلفاء راشدین اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم اور دیگر بہت سے صحابہ کا بھی یہی عمل تھا۔ امام ترمذیؒ بھی فرماتے ہیں کہ بہت سے صحابہؓ کا اس پر عمل ہے۔

## (۲۲) جلسہ استراحت

عَنِ ابْنِ سَهْلِ السَّاعِدِيِّ وَفِيهِ ثُمَّ كَبَّرَ فَسَجَدَ ثُمَّ كَبَّرَ فَقَامَ وَلَمْ يَتَوَرَّكْ. (ابوداؤد شریف، من ذکر حدیث ۹۶۶)

حضرت سہل کے صاحبزادہ کی روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہہ کر سجدہ کیا پھر تکبیر کہہ کر بیٹھے بغیر سیدھے کھڑے ہو گئے۔ امام بیہقیؒ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور علامہ زیلعی نے نصب الرایۃ ج ۱ ص ۲۸۹ میں حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے اور علامہ ترکمانی نے جوہر النقی ج ۲ ص ۱۲۵ میں بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم کا یہی معمول نقل کیا ہے کہ وہ پہلی اور تیسری رکعت میں سجدہ سے اٹھتے ہوئے بیٹھے بغیر سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے

## ۲۳ التحیات

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَعَدَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَقُلْ: اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ. اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ. ثُمَّ يَتَخَيَّرُ مِنَ الْمَسْأَلَةِ مَاشَاءَ

(صحیح مسلم ۴۰۲، صحیح بخاری التشہد)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب کوئی تم میں سے نماز میں بیٹھے تو یہ پڑھا کرے: اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، پھر جو دعا مانگنا چاہے مانگے۔

## ۲۴ اُنگلی کا اشارہ

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَعَدَ يَدْعُوْ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى وَيَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَاَشَارَ بِاِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ وَوَضَعَ اِبْهَامَهُ عَلٰى اِصْبَعِهِ الْوُسْطٰى (صحیح مسلم صفۃ الجلوس حدیث ۵۷۹)

جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دُعا کے لیے بیٹھتے تو دائیں ہاتھ کو دائیں ران پر اور بائیں ہاتھ کو بائیں ران پر رکھتے اور اپنی شہادت کی اُنگلی سے اشارہ کرتے اور انگوٹھے کو درمیانی انگلی سے ملا لیتے۔

## ۲۵ دُرود شریف

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُوْلُوْا : اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

(صحیح مسلم : الصلاۃ ۔ حدیث ۴۰۵)

جب صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ ہم آپ پر کون سا درود شریف پڑھا کریں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درودِ ابراہیمی تلقین فرمایا: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.

## (۲۶) ہاتھ اُٹھا کر دُعا مانگنا

إن عبد الله بن الزبير رضي الله عنه رأى رجلا رافعا يديه قبل ان يفرغ من صلاته فلما فرغ منها قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يكن يرفع يديه حتى يفرغ من صلاته (رجاله ثقات مجمع الزوائد ج ۱۰ ص ۱۶۹) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ نماز ختم ہونے سے پہلے ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگ

رہا ہے تو نماز کے بعد آپ نے اُس کو فرمایا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگتے تھے (اس کے سب راوی ثقہ ہیں) فتاوٰی اہل حدیث ج۱ ص۱۹۱ فتاوٰی نذیریہ ج۱ ص۵۶۶ میں بھی ہے کہ یہ دُعا شرعًا درست اور مستحب ہے۔

## (۲۷) ظہر کی سُنّتیں

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ حَافَظَ عَلٰی اَرْبَعِ رَکَعَاتٍ قَبْلَ الظُّھْرِ وَاَرْبَعٍ بَعْدَھَا حَرَّمَہُ اللّٰہُ عَلَی النَّارِ۔

(ترمذی شریف باب آخر حدیث نمبر ۴۲۸)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے ظہر سے پہلے چار رکعت اور ظہر کے بعد چار رکعت مستقلاً پڑھیں، اللہ تعالیٰ اس کو آگ پر حرام کر دیں گے۔

## (۲۸) عصر کی سُنّتیں

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰہُ امْرَأً صَلّٰی قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا۔

(ترمذی شریف۔ ما جاء فی الاربع۔ حدیث ۴۳۰)

عَنْهَا مَا كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزِيْدُ فِيْ رَمَضَانَ وَلَا فِيْ غَيْرِهٖ عَلٰى اِحْدٰى عَشَرَةَ رَكْعَةً يُصَلِّيْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ ثَلَاثًا. (صحیح مسلم صلاۃ اللیل حدیث ۱۳۸)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعات پڑھتے تھے۔ چار چار کرکے آٹھ رکعت تہجّد پڑھتے جن کے حُسن اور خضوع کیا کہنا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر پڑھتے تھے۔

## (۳۲) رکوع سے پہلے دعائے قنوت

عَنْ عَاصِمٍ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ فَقَالَ قَدْ كَانَ الْقُنُوْتُ فَقُلْتُ قَبْلَ الرُّكُوْعِ اَمْ بَعْدَهٗ؟ قَالَ قَبْلَهٗ قُلْتُ فَاِنَّ فُلَانًا اَخْبَرَنِيْ عَنْكَ اَنَّكَ قُلْتَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ فَقَالَ كَذَبَ اِنَّمَا قَنَتَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ

شَہْرًا ۔ (صحیح بخاری ، القنوت قبل الرکوع)

حضرت عاصم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے قنوت کی بابت پوچھا تو آپؓ نے فرمایا کہ قنوت ثابت ہے ۔ میں نے پوچھا کہ رکوع سے پہلے پڑھیں یا بعد میں ؟ آپ نے فرمایا کہ رکوع سے پہلے ۔ میں نے عرض کیا کہ فلاں شخص نے بتایا ہے کہ آپ نے رکوع کے بعد قنوت پڑھنے کا کہا ہے ۔ آپؓ نے فرمایا کہ اُس نے بہت جھوٹ کہا ۔ چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک مہینہ رکوع کے بعد قنوت پڑھی ہے ۔ (مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے کہ اسی لیے حضرات صحابہؓ بھی رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے ۔)

شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجرؒ فتح الباری شرح بخاری ص ۲۹۱ میں لکھتے ہیں کہ اس موضوع کی تمام روایات پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلسل پڑھی جانے والی قنوت رکوع سے پہلے ہے اور اگر کبھی وقتی حالات کے پیش نظر پڑھی جائے تو وہ رکوع کے بعد ہے ۔

## (۳۳) وتروں کے آخر میں سلام پھیرے

عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّہٗ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ لَا فَصْلَ

فِيهِنَّ. (زاد المعاد ص۱۱۱)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وعن ابیہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تین وتروں کے دوران سلام نہیں پھیرتے تھے۔

علامہ ابن حجرؒ نے فتح الباری شرح بخاری ج ۲ ص۲۹۱ میں لکھا ہے کہ حضرت ابی بن کعبؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت انسؓ تین وتروں کے آخر میں سلام پھیرتے تھے، درمیان میں نہیں۔

## (۳۴) فجر کی سُنّتیں

جَاءَ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَالْإِمَامُ يُصَلِّي الصُّبْحَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ إِلَى سَارِيَةٍ وَلَمْ يَكُنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ (رجالہ موثقون) مجمع الزوائد ج۱ ص۷۵۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فجر کی سُنّتیں پڑھی نہیں تھیں، وہ مسجد میں آئے تو امام نماز پڑھا رہا تھا۔ آپؓ نے ایک ستون کے قریب دو سنتیں پڑھیں۔ (حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت ابو الدرداءؓ، حضرت ابو عثمان رضی اللہ عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔)

## (۳۵) سُنّتوں کی قضا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يُصَلِّ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَلْيُصَلِّهِمَا بَعْدَ مَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ۔

(ترمذی شریف ۔ ماجاء فی اعادتھما۔ حدیث ۴۲۳)

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے فجر کی دو رکعتیں نہ پڑھی ہوں وہ سورج نکلنے کے بعد پڑھ لے۔ (موطا امام مالکؒ میں حضرت ابن عمرؓ کا عمل یونہی نقل کیا گیا ہے)

## (۳۶) تراویح عہدِ نبویؐ میں

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِى الْمَسْجِدِ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَصَلّٰى بِصَلَاتِهِ نَاسٌ ثُمَّ صَلّٰى مِنَ الْقَابِلَةِ فَكَثُرَ النَّاسُ ثُمَّ اجْتَمَعُوْا مِنَ اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَصْبَحَ قَالَ قَدْ رَأَيْتُ الَّذِىْ صَنَعْتُمْ فَلَمْ يَمْنَعْنِىْ مِنَ الْخُرُوْجِ اِلَيْكُمْ اِلَّا اَنِّىْ خَشِيْتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ قَالَ وَذٰلِكَ فِىْ رَمَضَانَ۔ (صحیح مسلم الترغیب فی التراویح حدیث ۱۲۰۶)

- رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کی ایک رات مسجد میں نماز پڑھی اور لوگ بھی آپؐ کے ساتھ شریک ہو گئے اور دوسری رات شرکاء کی تعداد بڑھ گئی تو تیسری یا چوتھی رات آپؐ تراویح کے لیے مسجد میں نہ آئے اور صبح کو فرمایا۔ میں نے تمھارا شوق دیکھ لیا لیکن خود اس لیے نہیں آیا کہ یہ نماز تم پر رمضان میں فرض نہ ہو جائے۔

علامہ شوکانیؒ فرماتے ہیں کہ اس سلسلہ کی تمام روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ رمضان کی تمام راتوں میں باجماعت نماز پڑھنا نیز تراویح کی تعداد اور اس میں قرآن پورا کرنا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں اور بعض لوگ جو تہجد اور تراویح کو ایک سمجھ کر تہجد والی احادیث سے تراویح کی تعداد مقرر کرتے ہیں وہ صحیح نہیں، چونکہ خود مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ نے "اہلِ حدیث کا مذہب" ص۹۳ پر لکھا ہے کہ تراویح اور تہجد کو ایک کہنا چکڑالویوں کا مذہب ہے جس پر کوئی دلیل نہیں ہے بلکہ دلائل سے یہ چیز ثابت ہے کہ تراویح اور تہجد دو علیحدہ نمازیں ہیں۔

## (۳۷) تراویح خلافت راشدہ میں

### عہد صدیقی کا معمول

حسب سابق رہا، عہد فاروقی میں پورے رمضان باجماعت بیس تراویح

میں مکمل قرآن سنانے کا عمل شروع ہوا جس پر تمام صحابہؓ کا اتفاق ہے
پھر عہدِ عثمانی و عہدِ علوی سمیت آج تک اُمّتِ اسلامیہ اسی پر عمل پیرا
ہے اور آج تک حرمِ مکی شریف میں بیس تراویح پڑھی جاتی ہیں جبکہ مسجدِ
نبوی میں کبھی بھی بیس سے کم تراویح نہیں ہوئیں اور اب بھی بیس تراویح
ہی ہوتی ہیں، پھر تعجب ہے کہ بعض لوگ پورا رمضان تراویح پڑھنے
باجماعت پڑھنے اور مسجد میں پورا قرآن ختم کرنے میں عہدِ فاروقی اور
اُمّتِ اسلامیہ کے ساتھ ہیں لیکن تراویح کی تعداد میں علیحدگی اختیار
کرتے ہیں۔ آخر کیوں؟

عَنْ یَزِیْدَ بْنِ رُوْمَانَ قَالَ کَانَ النَّاسُ یَقُوْمُوْنَ
فِیْ زَمَانِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ رَمَضَانَ
بِثَلَاثٍ وَعِشْرِیْنَ رَکْعَةً (موطا امام مالک ماجاء فی قیام رمضان)

حضرت یزید بن رومان فرماتے ہیں کہ امیر المومنین حضرتِ عمر
رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بیس تراویح اور
تین وتر پڑھتے تھے۔

## (۲۱) تکبیراتِ عیدین

کَیْفَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي الْاَضْحٰى وَالْفِطْرِ فَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى الْاَشْعَرِيُّ كَانَ يُكَبِّرُ اَرْبَعًا تَكْبِيْرَهٗ عَلَى الْجَنَائِزِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ صَدَقَ

(ابو داؤد شریف تکبیر فی العیدین حدیث ۱۱۵۳)

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے پوچھا گیا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید الاضحیٰ اور عید الفطر میں کتنی تکبیریں کہتے تھے تو انھوں نے بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنازہ کی طرح چار تکبیریں کہتے تھے. حضرت حذیفہؓ نے بھی اس کی تصدیق کی. امام ترمذیؒ نے حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ اور دوسرے بہت سے صحابہؓ سے بھی یہی نقل کیا ہے۔

## (۳۹) مسافتِ قصر

كَانَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ يَقْصُرَانِ وَيُفْطِرَانِ فِيْ اَرْبَعَةِ بُرُدٍ وَهِيَ سِتَّةَ عَشَرَ فَرْسَخًا. (صحیح بخاری: فی کم یقصر الصلاۃ)

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم چار برد کے لمبے سفر میں نماز قصر کرتے اور روزہ افطار کرتے

تھے اور چار برد سولہ فرسخ (۴۸ میل) ہوتے ہیں۔ مولانا شرف الدینؒ نے فتاویٰ ثنائیہ ج۱ ص۴۸۲ میں لکھا ہے کہ جمہور محدثین کا مسلک ہے کہ اڑتالیس میل مسافتِ قصر صحیح ہے، نو میل غلط ہے۔

## (۴۰) مُدّتِ قصر

قَالَ ابْنُ عُمَرَؓ مَنْ اَقَامَ خَمْسَةَ عَشَرَ یَوْمًا اَتَمَّ الصَّلٰوۃَ (ترمذی شریف فی کم تقصر حدیث ۵۴۸)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جس مسافر نے پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کر لی وہ پوری نماز پڑھے گا۔

---

www.e-iqra.com

تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو کتاب:

نمازِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

تالیف — تقدیم

الشیخ محمد الیاس فیصل — الشیخ محمد شفیق اسعد

ملنے کا پتہ

سنی پبلیکیشنز اردو بازار لاہور